ادبیات

دورِ جام

از

(جناب الم مظفر نگری)

حسن کا ہر ایک جلوہ عشق کا پیغام ہے
عشق کا پیغام، پیغامِ خدا کا نام ہے

ناز مت کر دولتِ دنیا فنا انجام ہے
یہ ترا دیہیم شاہی آفتابِ شام ہے

اے مسافر اک نمودِ گردشِ ایام ہے
صبحِ منزل جس کو سمجھا ہے، قریبِ شام ہے

دل لرز جاتا ہے اے ساقی تغافل پر ترے
زندگی شاید بقیدِ لطفِ دورِ جام ہے

باغِ رضواں کی بہاریں جس کے شعلوں پر نثار
میرے دل میں موجزن وہ آتشِ بے نام ہے

گل تو محوِ داستانِ موسمِ گل ہیں۔ مگر
سنئے کانٹوں کی زباں پر بھی تو اک پیغام ہے

احترامِ بادہ نوشی اس سے ممکن ہی نہیں
بزم میں جو ناشناسِ رسمِ دورِ جام ہے

نزع میں ہچکی سی آئی ہے مریضِ عشق کو
یہ پیامِ آخری شاید انھیں کے نام ہے

ہے یہاں بھی آدمی پابندِ رسمِ امتحاں
میں تو سمجھا تھا لحد اک منزلِ آرام ہے

کر رہی ہے رہبری تاروں کی دھیمی روشنی
اے مسافر شامِ غربت بھی مبارک شام ہے

آ کے شرمندہ ہوتے اے میر دیوانِ جزا
تیری اس محفل میں تو اذنِ ورودِ عام ہے

کتنا چمکایا الم میرے زلالِ اشک نے
اب حرم افروز میرا جامۂ احرام ہے